5 ایسے کام جو آپ اندراج کے لیے تیار ہونے کے واسطے کرسکتے ہیں

1 ملاحظہ کریں HealthCare.gov

ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس (Health Insurance Marketplace®)، اور دوسرے پروگرامز جیسے کہ میڈیکیڈ، اور چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام (CHIP) کے بارے میں مزید جانیں۔

2 اپنے آجر سے پوچھیں کہ آیا وہصحت بیمہ پیش کرتا ہے۔

ااگر آپ کا ایمپلائر ہیلتھ انشورنس پیش نہیں کرتا تو آپ مارکیٹ پلیس یا دیگر وسائل، جیسا کہ میڈی کیئر یا ٹرائی کیئر کے ذریعے کوریج حاصل کر سکتے ہیں۔

3 اپنے صحت منصوبہ کا انتخاب کرنے کا وقت آنے سے پہلے سوالات کی ایک فہرست بنائیں

مثال کے طور پر، "کیا میں اپنے موجودہ ڈاکٹر کے ساتھ رہ سکتا ہوں؟" یا "کیا سفر کے دوران یہ منصوبہ میرے صحت کی لاگتوں کا احاطہ کرے گا؟"

4 اپنے گھرانے کی آمدنی کے بارے میں بنیادی معلومات اکٹھی کریں

آپ کو اپنے W-2، ادائیگی کی رسیدوں، یا ٹیکس ریٹرن کی معلومات درکار ہوگی۔

5 اپنے بجٹ سیٹ کریں

مختلف ضرورتوں اور بجٹوں کو پورا کرنے کے لیے مختلف قسموں کے صحت کے منصوبے ہیں۔
آپ کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہو گی کہ آپ ہر ماہ پریمیمز پر کتنی رقم خرچ کرتے ہیں اور آپ نسخوں یا طبی خدمات کے لئے کتنی رقم اپنی جیب سے ادا کرنا چاہتے ہیں۔

Health Insurance Marketplace

قابل رسائی فارمیٹ، جیسے کہ بڑے حروف، بریل، یا آڈیو میں مارکیٹ پلیس کی معلومات حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ کو ایسی صورت میں شکایت درج کرانے کا بھی حق ہے اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے خلاف امتیازی سلوک کیا گیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے **CMS.gov/about-cms/agency-information/aboutwebsiteCMSNondiscriminationnotice** ملاحظہ کریں،یا مار کیٹ پلیس کال سینٹر کو 1-800-318-2596 پر کال کریں۔ TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کرسکتے ہیں۔

DEPARTMENT OF HEALTH & HUMAN SERVICES · USA

HealthCare.gov

CMS Product No. 11629-UR (Urdu) September 2023

This product was produced at U.S. taxpayer expense.

Health Insurance Marketplace® is a registered service mark of the U.S. Department of Health & Human Services.

ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس

صحت کے بیمہ کے اختیارات

مارکیٹ پلیس ایسے صحت کا احاطہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے جو آپ کے بجٹ سے مطابقت رکھتا ہو اور آپ کی ضرورتیں پوری کرتا ہو۔ جب آپ کوریج کی درخواست دیں گے تو آپ اپنے تمام اختیارات کے بارے میں جان کر اندراج کروا سکیں گے۔ اہل ہونے پر آپ نجی انشورنس، میڈک ایڈ یا بچوں کے ہیلتھ انشورنس پروگرام (CHIP) کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

مارکیٹ پلیس میں موجود ہر صحت بیمہ بنیادی صحت کے فوائد، جیسے کہ ڈاکٹروں کی ملاقات، تدارکی نگہداشت، ہسپتال میں بھرتی، نسخے وغیرہ کا ایک ہی سیٹ پیش کرتا ہے۔ آپ کوئی انتخاب کرنے سے پہلے قیمت، فوائد، اور اپنے لیے اہمیت رکھنے والی دیگر خصوصیات کی بنیاد پر منصوبوں کا موازنہ کر سکتے ہیں۔

بیمہ کے منصوبے نجی کمپنیوں کے ذریعہ چلتے ہیں

مارکیٹ پلیس کی معرفت پیش کردہ بیمہ کے منصوبے نجی کمپنیوں کے ذریعہ چلتے ہیں۔ آپ اندراج کروانے کا فیصلہ کرنے سے قبل مارکیٹ پلیس میں اپنے صحت کے کوریج کےاختیارات کا موازنہ کرسکیں گے اور یہ دیکھ سکیں گے کہ آپ کا پریمیم، قابل کٹوتی رقوم اور فاضل اخراجات کیا ہیں۔

آپ اور آپ کے گھرانے کے لیے تحفظ موجود ہے۔ بیمہ منصوبے پہلے سے موجود یا دیرینہ کیفیات جیسے کینسر یا ذیابیطس کی وجہ سے آپ کے کوریج سے انکار نہیں کرسکتے ہیں اور وہ خواتین اور مردوں پر مختلف پریمیم چارج نہیں کر سکتے ہیں۔

لاگتوں میں مدد حاصل کریں

جب آپ مارکیٹ پلیس استعمال کریں گے تو امکان ہو گا کہ آپ اپنے ماہانہ پریمیمز کم کر کے ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے کے قابل ہو سکیں اور آپ کی جیب سے ہونے والے اخراجات میں مدد ملے۔ درخواست دینے پر، آپ کو پتہ چلے گا کہ آپ کتنی بچت کر سکتے ہیں۔

مارکیٹ پلیس کا پتہ لگائیں

اپنے سوالوں کے جوابات حاصل کرنے اور مارکیٹ پلیس کے بارے میں ای میل اپ ڈیٹس کے واسطے سائن اپ کرنے کے لیے **HealthCare.gov** ملاحظہ کریں۔ آپ مار کیٹ پلیس کے کال سنٹر کو 1-800-318-2596 پر بھی کال کرسکتے ہیں۔ TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کرسکتے ہیں۔

اندارج کھلے ہونے کے دوران (1 نومبر تا 15 جنوری) آپ **HealthCare.gov** یا اپنے ریاستی مارکیٹ پلیس جا کر ہیلتھ کوریج کی درخواست دے سکتے ہیں، اپنے تمام اختیارات کا موازنہ کر سکتے ہیں اور کسی پلان میں اندراج کروا سکتے ہیں۔

گر آپ گھر کی اندازاً آمدن یا زندگی میں تبدیلی کی بنیاد پر اندراج کی خصوصی مدت کے اہل ہوں تو آپ اندراج کھلنے کی مدت کے علاوہ بھی کوریج کی درخواست دے سکتے ہیں، جیسا کہ:

- میڈک ایڈ، CHIP یا دیگر کوریج ختم ہو جانا
- شادی کرنا
- بچے کی پیدائش
- نقل مکانی
- آپ کے گھر کی اندازاً آمدن میں تبدیلیاں

آپ یہی درخواست استعمال کرتے ہوئے سال کے کسی بھی وقت میڈک ایڈ اور CHIP کی درخواست بھی دے سکتے ہیں۔